HUBCO

# غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ حب پاور کمپنی لمیٹڈ (''کمپنی'') کا غیر معمولی اجلاس عام بروز منگل، مؤرخہ 31 مارچ، 2020ء کی صبح 10:00 بجے، میریٹ ہوٹل، کراچی میں درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا کراچی میں:

**خصوصی کاروبار**

**1۔ کان کے دہانے پر قائم کوئلے سے چلنے والے 330MW پاور پلانٹ (تھل نوا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ) کے لیے کفالتی اعانت (Sponsor Support) کی منظوری:**

**غور کرنا اور، اگر مناسب سمجھا جائے تو، ترمیم کے ساتھ یا ترمیم کے بغیر درج ذیل قراردادوں کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:**

**ا۔ ابتدائی ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ (''DSRA'') اور ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ ایل سی ("DSRA Letter of Credit")**

''قرار پایا کہ کمپنی کے ارکان کی منظوری ہونا چاہیے اور یہاں دفعہ 199 کی مطابقت میں، منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی کو ابتدائی ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ (Initial Debt Service Reserve Account) میں ہونے والا خسارہ پورا کرنے کی غرض سے کفالتی اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ (Standby Letter of Credit) کے اجراء کے لیے بااختیار ہونا چاہیے جس کا تخمینہ 14 ملین امریکی ڈالرز (یا پاکستانی روپے میں اُس کے مساوی) سے زیادہ نہ ہو، تاہم، جیسا کہ یہاں منسلک بیان تعمیل (Statement of Compliance) میں وضاحت کی گئی ہے، یہ اُس سے زیادہ بھی ہوسکتا ہے۔ ایسے اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ کی مدت قرض کی پہلی قسط کی ادائیگی تک یا کسی دوسری تاریخ تک ہوسکتی ہے جو کفالتی اعانتی معاہدے (Sponsor Support Agreement) میں بیان کی گئی ہو۔

**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے ارکان کی منظوری ہونا چاہیے اور یہاں دفعہ 199 کی مطابقت میں منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی کو ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ (Debt Service Reserve Account) کا خسارہ پورا کرنے کی غرض سے کفالتی اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ (Standby Letter of Credit) کے اجراء کے لیے بااختیار رہونا چاہیے جس کا تخمینہ 14 ملین امریکی ڈالرز (یا پاکستانی روپے میں اُس کے مساوی) سے زیادہ نہ ہو، تاہم، جیسا کہ یہاں منسلک بیان تعمیل (Statement of Compliance) میں وضاحت کی گئی ہے یہ اُس سے زیادہ بھی ہوسکتا ہے۔ ایسی کفالتی ذمہ داری پروجیکٹ کے قرض کی مدت کے برابر ہو سکتی ہے یا ایسی تاریخ تک ہوسکتی ہے جو کفالتی اعانتی معاہدے (Sponsor Support Agreement) میں بیان کی گئی ہو۔

**مزید قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ یا انفرادی طور پر عمل کرتے ہوئے، بینکوں/ مالی اداروں سے اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ کے لیے بات چیت کرنے اور حصول کے لیے بااختیار ہونا چاہیے؛ قرض دہندگان کے تقاضا کرنے پر، ایسی شرائط وضوابط پر سیکوریٹی فراہم کرے/کریں جو لیٹر آف کریڈٹ کے اجراء کے لیے مناسب معلوم ہوں اور اِس مقصد کے لیے معاہدوں، سیکوریٹی دستاویزات، تصدیقات، نوٹسوں کے اجراء، جمع کرانے اور سرٹیفکیٹس کے اجراء کے سلسلے میں بات چیت کرے/کریں اور جیسا کہ قرض دہندگان کے ساتھ طے پائے یا قانون کے تحت ضرورت ہو، اُن پر عمل کریں اور اُن میں ترامیم شامل ہیں۔''

**ا۔ اضافی کفالتی اعانت (Additional SponsorSupport)** ''قرار پایا کہ کمپنی کے ارکان کی منظوری ہونا چاہیے اور یہاں دفعہ 199 کی مطابقت میں، کمپنی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے فائدے اور انٹر کریڈیٹر ایجنٹ (Intercreditor Agent) کے لیے امریکی ڈالرز 8 ملین (یا پاکستانی روپے میں اُس کے مساوی) ایکویٹی یا ذیلی قرض (subordinated debt) کی صورت میں اضافی کفالتی اعانت (additional sponsor support) فراہم کرے تاکہ کوئلے کی عدم فراہمی اور/یا تجارتی آپریشنز کی تاریخ میں تاخیر کے باعث فنڈنگ میں ہونے والا خسارہ پورا کرنے کی ضمانت فراہم کی جاسکے۔ ایسی ''سرمایہ کاری'' ستمبر، 2022ء تک یا کسی ایسی دوسری تاریخ تک کارآمد رہے گی جو کفالتی اعانتی معاہدے میں بیان کی گئی ہو اور تاخیر سے واقع ہو۔

**مزید قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ یا انفرادی طور پر عمل کرتے ہوئے، کفالتی اعانتی معاہدے (Additional Sponsor Support) میں ترمیم کرنے (جس میں ضمنی کفالتی معاہدہ (Supplemental Sponsor Agreement) شامل ہے لیکن اِس تک محدود نہیں ہے) اور اِس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات، دستاویزات اور اُمور انجام دیں اور معاہدوں، سیکوریٹی دستاویزات، تصدیقات، نوٹس کے اجراء، جمع کرانے، سرٹیفکیٹس کے اجراء کے سلسلے میں بات چیت کریں اور جیسا کہ قرض دہندگان سے طے پائے یا قانون کے تحت ضرورت ہو، اُن پر عمل کریں۔

**مزید قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ یا انفرادی طور عمل کرتے ہوئے، بینکوں یا مالی اداروں سے، ایسی شرائط وضوابط پر جو مناسب معلوم ہوں (جن میں کمپنی کے (منقولہ یا غیر منقولہ) اثاثوں پر چارج کی تخلیق یا رہن کے ذریعے اضافی کفالتی اعانتی رقم (additional sponsor support amount) کے ساتھ مناسب مارجن کی تخلیق شامل ہے) بات چیت کریں اور مذکورہ مقصد کے لیے یا کرنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات، دستاویزات اور اُمور انجام دیں اور معاہدوں، سیکوریٹی دستاویزات، تصدیقات، نوٹسوں کے اجراء، جمع کرانے، سرٹیفکیٹس کے اجراء کے سلسلے میں بات چیت کریں اور جیسا کہ قرض دہندگان سے طے پائے یا قانون کے تحت ضرورت ہو، اُن پر عمل کریں۔''

**2۔ کان کے دہانے پر کوئلے سے چلنے والے 330MW کے پاور پلانٹ (تھر انرجی لمیٹڈ) کے لیے اضافی کفالتی اعانت کی منظوری**

**غور کرنا اور اگر مناسب معلوم ہو، ترمیم کے ساتھ یا ترمیم کے بغیر درج قراردادوں کو خصوصی قراردادوں کے طور پر منظور کرنا:**

''قرار پایا کہ کمپنی کو ارکان کی منظوری ہونا چاہیے اور یہاں دفعہ 199 کی مطابق میں منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی کو اختیار ہونا چاہیے کہ وہ تھر انرجی لمیٹڈ کے فائدے اور انٹر کریڈیٹر ایجنٹ Agent Intercreditor کے لیے امریکی ڈالرز 12 ملین (یا پاکستانی روپے میں اُس کے مساوی) ایکویٹی یا ثانوی قرض (subordinated debt) کی صورت میں اضافی کفالتی اعانت (additional sponsor support) فراہم کرے تاکہ کوئلے کی عدم فراہمی اور/ یا تجارتی آپریشنز کی تاریخ میں تاخیر کے باعث فنڈنگ میں ہونے والا خسارہ پورا کرنے کی ضمانت فراہم کی جاسکے۔ ایسی ''سرمایہ کاری'' جون، 2022ء تک یا کسی ایسی دوسری تاریخ تک کارآمد رہے گی جو کفالتی اعانتی معاہدے میں بیان کی گئی ہو اور تاخیر سے واقع ہو۔

**مزید قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ یا انفرادی طور پر عمل کرتے ہوئے کفالتی اعانتی معاہدے (Sponsor Support Agreement) میں ترمیم کرنے (جس میں ضمنی کفالتی معاہدہ (Supplemental Sponsor Agreement) شامل ہے لیکن اِس تک محدود نہیں ہے) اور اِس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات، دستاویزات اور اُمور انجام دیں اور معاہدوں، سیکوریٹی دستاویزات، تصدیقات، نوٹسوں کے اجراء، جمع کرانے، سرٹیفکیٹس کے اجراء کے سلسلے میں بات چیت کریں اور جیسا کہ قرض دہندگان سے طے پائے یا قانون کے تحت ضرورت ہو، اُن پر عمل کریں۔

**مزید قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ یا انفرادی طور عمل کرتے ہوئے بینکوں یا مالی اداروں سے، ایسی شرائط وضوابط پر جو مناسب معلوم ہوں (جن میں کمپنی کے (منقولہ یا غیر منقولہ) اثاثوں پر چارج کی تخلیق یا رہن کے ذریعے اضافی کفالتی اعانتی رقم (additional sponsor support amount) کے ساتھ مناسب مارجن کی تخلیق شامل ہے) بات چیت کریں اور مذکورہ مقصد کے لیے یا کرنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات، دستاویزات اور اُمور انجام دیں اور معاہدوں، سیکوریٹی دستاویزات، تصدیقات، نوٹسوں کے اجراء، جمع کرانے، سرٹیفکیٹس کے اجراء کے سلسلے میں بات چیت کریں اور جیسا کہ قرض دہندگان سے طے پائے یا قانون کے تحت ضرورت ہو، اُن پر عمل کریں۔''

**ا۔ دیگر امور**

ا۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور پر، اگر کوئی ہوں، غور وخوض کرنا اور منظوری دینا۔

تاریخ: 25 فروری، 2020ء
بمقام: کراچی۔

شہریار نشاط
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب منگل، 24 مارچ 2020ء سے منگل 31 مارچ 2020ء (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔

(i) اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل رکن اپنی جگہ کسی دوسرے فرد کو شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے تحریری طور پر، بطور نمائندہ (proxy) مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔

(ii) نمائندہ کی تقرری کا باقاعدہ مکمل کردہ فارم کمپنی کے ہیڈ آفس میں کمپنی سیکریٹری کے پاس اجلاس کے لیے مقرر کردہ وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانے چاہئیں۔

(iii) لاہور اور اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے ارکان ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اِس سلسلے میں براہ مہربانی، ذیل میں فراہم کیا گیا فارم پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر غیر معمولی اجلاس عام سے 10 دن قبل جمع کرائیں۔

اگر کمپنی کو کسی بھی شہر یا علاقے سے، کم ازکم 10 فیصد یا زیادہ حصص یافتگان کی جانب سے اجلاس کے انعقاد سے 10 دن قبل، ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی رضامندی موصول ہوتی ہے تو کمپنی اُس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرنے کے انتظامات کرے گی اور یہ فراہمی اُس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگی۔

کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں، غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد کی تاریخ سے کم ازکم پانچ (05) دن قبل، مکمل معلومات کے ساتھ، مطلع کرے گی تاکہ ارکان کو مذکورہ سہولت تک پہنچنے کے قابل بنایا جا سکے۔

میں/ہم ________________
مکین
حب پاور کے ارکان اور فولیو نمبر ________________
کے مطابق حصص یافتگان ہیں
اور ________________ پر ویڈیو کانفرنس کی
سہولت سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔

________________
دستخط رکن/ ارکان

**سی ڈی سی کے کھاتے داروں کو مزید اُن رہنما ہدایات پر عمل کرنا ہوگا جو سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000ء میں بیان کی گئی ہیں۔**

**ا۔ اجلاس میں شرکت کے لیے**

(i) افراد کی صورت میں کھاتے داروں یا ذیلی کھاتے داروں کو، جن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی ہوئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر، تصدیق کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) ادارے کی صورت میں، اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہے تو، اجلاس سے قبل نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ہمراہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ عام (general power of attorney) پیش کرنا ہو گی۔

**ب۔ نمائندگان (Proxies) کی تقرر کے لیے**

(i) افراد کی صورت میں، کھاتے داروں یا ذیلی کھاتے داروں کو، جن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی ہوئی ہیں، مذکورہ بالا تقاضے کے مطابق نمائندگی کا فارم (proxy form) جمع کرائیں گے۔

(ii) نمائندگی کے فارم کے ہمراہ بینیفیشل اونرز (beneficial owner) اور اُن کے نمائندے کیمؤثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کرنا ہوں گی۔

(iii) اِجلاس میں شرکت کے موقع پر نمائندہ اپنا اصل اور موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا/ گی۔

(iv) ادارے کی صورت میں کمپنی کی جانب سے نمائندگی کے فارم کے ہمراہ (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے ہیں)، بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ مختار نامہ عام (general power of attorney) اور دستخط کے نمونے پیش کرنا ہوں گے۔

(v) نمائندگی کے فارم پر دو ایسے افراد کی گواہی لازمی ہے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبرز فارم پر موجود ہیں۔